2

مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، میں ایک کاروبار کرتا ہوں جو الیکٹرونک شیشہ کہلاتا ہے، جسے ویپ (vape) کہتے ہیں، اس میں لیکوڈ کے یہ اجزاء ڈالے جاتے ہیں، water.nicotine.propylene glycol.flavours.vegetables glycerin base، اس میں کچھ نیکوٹین کے بغیر والے بھی لیکوڈ ہیں، اس میں نیکوٹین لیول سگریٹ کی بنسبت کم ہوتا ہے، جبکہ اس میں ٹار بھی نہیں، اسے زیادہ تر وہ لوگ استعمال کرتے ہیں، جو سگریٹ چھوڑنا چاہتے ہیں، یہ ایسا نشہ نہیں ہے جس سے انسان اپنی ہوش کھو بیٹھے، نہ ہی اس میں ایسی بدبو ہے کہ جس سے جس سے دوسرے پریشان ہوں، یہ بغیر نکوٹین والے بھی ہوتے ہیں، اس کی ایک دو ویڈیوز شیئر کی ہیں تاکہ مزید آگاہی حاصل ہو سکے، مفتی صاحب اس کا کاروبار کرنا کیسا ہے؟

وضاحت : vape کے بارے بھیجی گئی ویڈیوز میں اس کے مضر اثرات سگریٹ کے مقابلے میں بہت ہی کم دیکھائے گئے ہیں۔

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروز پور لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

بشرط صحت بیان صورت مسئولہ میں اگر واقعتاvape کے اندر شامل اجزاء وہ ہی ہیں، جیسا کہ سوال میں بتایا گیا ہے، خاص طور پر نیکوٹین کی مقدار عام بازار میں فروخت ہونے والے سگریٹ سے بھی کم ہوتی ہے، پھر اس کا زیادہ تر استعمال بھی سگریٹ چھڑانے کے لئے کیا جاتا ہے، اگر حکومت کی طرف سے بھی اس کی فروخت پر کوئی پابندی نہیں ہے، تو ایسا کاروبار کرنا اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی حرام تو نہیں ہے، البتہ مکروہ تنزیہی ضرور ہو گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۰۹/صفر/۱۴۴۴ھ

07/ستمبر/2022ء

الجواب صحیح

الجواب صحیح

7-9-2022

دار الافتاء رقم الافتاء 74/146 8/9/2022 الجامعۃ الاشرفیۃ